ہم اپنی گنہگار آنکھوں سے ان اضطراب انگیز حالات میں دیکھ رہے ہیں کہ پوری ملت اسلامیہ صلیب پرستوں اور ہنود و یہود کی فطری دشمنی اور تازہ دم سپر سامراج کی توسیع پسندانہ اعلانیہ اور پوشیدہ سازشوں میں گھری ہوئی ہے، مسلم ممالک کو جدید حربی ٹیکنالوجی اور ایٹمی ہتھیاروں سے تہی دست کر کے ان کی معیشت کو سودی قرضوں کی آہنی زنجیروں میں جکڑ دیا گیا ہے، مسلم معاشروں میں توہمات اور خود ساختہ رسومات و بدعات کا دور دورہ ہے، عقیدۂ توحید میں غیر پختگی اسوۂ حسنہ کی پیروی میں کاہلی اور اسلامی شریعت کے احکام کی متابعت میں غفلت ہی غفلت ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ مسلم امہ کو غیرت مند بہادر اور متفقہ قیادت سے محروم رکھنے اور ہماری نوجوان نسل کو تباہ کرنے کے لیے جنسی آوارگی فکری بے راہ روی معاشرتی بداخلاقی، بے حیائی فحاشی اور برہنگی کو ثقافت اور لوک ورثہ کے ناموں سے خود مسلم حکمرانوں ہی کے ذریعہ پورے زور اور طاقت سے پھیلایا جا رہا ہے اور ان میں اجتماعی مفاد اور ملی حمیت و وقار کی سوچ کے راستے بند کر دیئے گئے ہیں۔

اس لیے نئے اسلامی سال کے آغاز کے موقعہ پر جناب والا کی خدمت میں "ہدیۂ تبریک و تہنیت" پیش کرتے ہوئے ہماری دعا ہے کہ ہم سب کی نیک تمنائیں پوری ہوں، جان اور ایمان کی سلامتی نصیب ہو۔ اور خالق کائنات ہماری ملت خوابیدہ کو بیداری، احساس زیاں، سچائی کی راہ پر گامزن ہونے اور دنیا سے ناانصافیوں اور مظالم کا قلع قمع کرنے کی توفیق دے اور دنیا و آخرت کی فلاح پانے کے لیے پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کی تعمیری اور انقلابی تعلیمات کے اتباع کا شوق و ذوق اور حوصلہ عطا فرمائے آمین اللھم آمین

(مولانا عبدالرشید انصاری)

قرآن مجید بمعہ انگریزی ترجمہ

ہم ممنون ہونگے اگر آپ قارئین کی اطلاع کے لیے یہ خبر شائع کر دیں کہ قرآن مجید بمعہ انگریزی ترجمہ ۶۲۴ بڑے صفحات ($\frac{30 \times 20}{8}$) میں بہترین جاپانی کاغذ پر چھپا ہوا اور ریگزین کی جلد کے ساتھ صرف ۱۰۰/- روپے میں مل سکتا ہے۔ قیمت پیشگی۔ بذریعہ منی آرڈر یا بنک ڈرافٹ بنام لفٹیننٹ کرنل محمد ایوب خان روی پی نہیں کیا جاتا۔)

ادارہ اشاعت قرآن ۲۹۴ توسیع کیولری گراونڈ لاہور کینٹ۔

قادیانیت کے خلاف جہاد کرنے والے اکابرین

قادیانیت کے آغاز ۱۸۸۰ء سے لے کر مرزا غلام احمد کی وفات ۱۹۰۸ء تک اس اسلام دشمن سامراج نواز تحریک کا مقابلہ کرنے والے علماء، صلحاء، دانشور، صوفیاء وغیرہ کی کثیر تعداد ہے ان کا ذکر